Grow Safe (Private) Limited
Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider
growsafehse.com

Ref: GSPL/PR/25/28/025
Date: 28/08/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

ISO لیڈ آڈیٹر کورسز
ایگزیمپلر گلوبل نے گروسیف کو تربیتی اداروں میں شامل کرلیا

پیشہ ورانہ تربیت اور سرٹیفیکیشن کے حوالے سے بین الاقوامی طور پر تسلیم کردہ امریکی ادارے ایگزیمپلر گلوبل نے صحت، حفاظت و ماحولیات کے شعبے میں معروف گروسیف کو ریکوگنائزڈ ٹریننگ پرووائیڈرز، یعنی تربیت فراہم کرنے والے مستند اداروں کی فہرست میں شامل کرلیا ہے۔

اس فہرست میں شمولیت کے بعد ادارہ آئی ایس او لیڈ آڈیٹر کورسز کی تربیت ایگزیمپلر گلوبل کی سند کے ساتھ فراہم کرسکے گا۔

ان کورسز میں:

کوالٹی منجمنٹ سسٹمز ISO 9001:2015
انوائرمنٹل منجمنٹ سسٹمز ISO 14001:2015
ٹسٹنگ اینڈ کلیبریشن لیبارٹریز ISO 17025:2017
فوڈ سیفٹی منجمنٹ سسٹمز ISO 22000:2018
انفارمیشن سیکیورٹی منجمنٹ سسٹمز ISO 27001:2022
اوکیوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی منجمنٹ سسٹمز ISO 45001:2018
اور انرجی منجمنٹ سسٹمز ISO 50001:2018 شامل ہیں۔

گروسیف نے اس استعداد کا حصول ایگزیمپلر گلوبل کی جانب سے متعین قابلیت کے سخت پیمانے کو پورا کرتے ہوئے کیا، جو پیشہ ورانہ پیشرفت اور اعلیٰ ادارہ جاتی معیارات کے حوالے سے ادارے کے عزم کا مظہر ہے۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ادارے کے ایک ترجمان نے کہا: "ایگزیمپلر گلوبل کا یہ اقدام مختلف صنعتوں میں پیشہ ورانہ مہارت کے معیارات کو بہتر بنانے کے ہمارے مشن کو مزید مستحکم کرتا ہے۔"

انہوں نے مزید کہا: "ہم مقامی ماہرین کو بین الاقوامی طور پر تسلیم کردہ قابلیت اور صلاحیت سے لیس کرنے کے لیے پوری طرح مستعد ہیں۔"

تازہ اشتراک کے بعد مختلف شعبوں میں کام کرنے والے ادارے اور افراد اب آئی ایس او لیڈ آڈیٹر سرٹیفیکیشن کا حصول ایک قابلِ اعتماد ادارے کے ذریعے سے کرسکتے ہیں۔ اس کامیابی کا حصول تسلسل سے بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ اعلیٰ پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کی بدولت ممکن ہوا۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ گرروسیف پہلے سے ہی کوالٹی، ہیلتھ، سیفٹی اینڈ انوائرمنٹ مینجمنٹ سسٹمز کے حوالے سے امریٹس انٹرنیشنل اکریڈیشن سینٹر (EIAC) اور انٹرنیشنل اکریڈیشن فورم (IAF) کی جانب سے ISO سرٹیفائڈ ہے۔

ادارہ کارپوریٹ کے شعبے سے منسلک 250 سے زائد صارفین کو خدمات فراہم کرنے و مختلف صنعتوں کے 50,000 سے زائد افراد کی تربیت کے تناظر میں کارپوریٹ ٹریننگ، کمپلائنس اور استعداد میں اضافے کے حوالے سے ایک قابلِ اعتماد نام کے طور پر سامنے آیا ہے۔

بشکریہ،

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe